≡

# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023-24

## Final Term

## Urdu Grade 3

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks] , Time = 3 hours**

**School Name:**

**GPS 155 EB (EMIS: 39220255)**

**Student Name :**

**Roll Number :**

**Section :**

**A**

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: سچ بولے سچا کہلائے

وہ بچہ

اچھا کہلائے

دیے ہوئے شعر میں سچ بولنے والے کو کہا گیا ہے:

(a) جھوٹا (b) سچا (c) منافق (d) بزدل

**سوال نمبر 2:** عدد "۲۱" کولفظی گنتی میں لکھتے ہیں:

(a) گیارہ (b) اکیس (c) اکتیس (d) اکتالیس

**سوال نمبر 3:** فعلیہ جملہ ہے:

(a) مجھے سیب پسند ہیں۔
(b) اکرم کو آم پسند ہیں۔
(c) نازیہ کو انگور پسند ہیں۔
(d) شبیرآڑوکھاتا ہے۔

**سوال نمبر 4:** جمع کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) باغ میں پھول کِھلا ہواہے۔
(b) با غ میں پھول کِھل رہا ہے۔
(c) باغ میں پھو ل کِھلے ہوئے ہیں۔
(d) واہ !باغ میں پھول کِھل رہا ہے۔

**سوال نمبر 5:** "تابندہ سکول جاتی ہے۔" اس کا فعل ماضی میں جملہ ہو گا:

(a) تابندہ سکول جاتی تھی۔
(b) تابندہ سکول جائے گی۔
(c) تابندہ سکول جا رہی ہے۔
(d) کیا تابندہ سکول جاتی ہے؟

**سوال نمبر 6:** مذکرکے استعمال والے جملے کی شناخت کریں:

(a) گاڑی آرہی ہے۔
(b) چائے پک گئی۔
(c) بارش ہو رہی ہے۔
(d) دروازہ کھلا ہے۔

**سوال نمبر 7: لفظ "خار" کا مترادف ہے:**

(a) پھول (b) کانٹا (c) پتا (d) ٹہنی

**سوال نمبر 8: لفظ "پیارے" کے ہم آواز الفاظ کی درست فہرست ہے:**

(a) پرندے، درندے، چرندے (b) حوالے، پیارے، پرندے (c) ہمارے، سارے، تارے (d) پرندے، حوالے،سارے

**سوال نمبر 9: " فراز ضروری کام سے لاہور گیا۔ وہ وہاں دو دن قیام کرے گا۔"قواعد کی رو سے"وہ" ہے:**

(a) اسم معرفہ (b) اسم صوت (c) اسم آلہ (d) اسم ضمیر

**سوال نمبر 10: درج ذیل میں استفہامیہ جملہ ہے:**

(a) یہ احمد کی کتاب ہے۔ (b) یہ گھر بہت پیارا ہے۔

(c) علی جماعت میں اوّل آیا۔ (d) کیا کمرے میں کوئی ہے؟

**سوال نمبر 11: " ناصر سچ بولے گا۔ " اس کا انکاری جملہ ہوگا:**

جی نہیں!

**سوال نمبر 12: "میں ڈاکٹر بنوں گا۔" زمانے کی رو سے ہے:**

(a) فعل ماضی (b) فعل مستقبل

کیا نا صر سچ بولے گا؟ (a)
ناصر سچ نہیں بولے گا ۔ (b)
ناصر سچ بولا کرے گا۔ (c)
جی ہاں ! ناصر سچ بولے گا۔ (d)

(c) فعل حال
(d) فعل ماضی شکیہ

**سوال نمبر 13: درست استعجابیہ جملہ ہے:**

(a) سُبحانَ اللہ! بارش ہو رہی ہے۔
(b) تیز بارش ہو رہی ہے۔
(c) آسمان پر بادل چھا گئے ہیں۔
(d) آسمان پر کالی گھٹا چھا گئی ہے۔

**سوال نمبر 14: رضوان کو میری سال گرہ کی تقریب بہت پسند آئی ۔ وہ اس بارے میں اپنے گھر والوں کو بتائے گا:**

(a) سال گرہ کی تقریب اچھی نہیں تھی۔
(b) سال گرہ کی تقریب بہت اچھی تھی۔
(c) سال گرہ کی تقریب میں کھانا اچھا نہیں تھا۔
(d) سال گرہ کی تقریب میں کیک اچھا نہیں تھا۔

**سوال نمبر 15: ”دھوپ کبھی نہ اسے سکھائے**
**سوکھا جب وہ سائے میں آئے“**
**پہیلی کی بوجھ ہے:**

(a) درخت (b) پانی (c) پسینہ (d) خوشبو

**سوال نمبر 16: گھر میں آپ کا چھوٹا بھائی مسلسل پانی**

ضائع کر رہا ہے،آپ اسے تلقین کریں گے:**

(a) پانی ضائع کرو۔
(b) پانی ضائع نہ کرو۔
(c) احتیاط سے کام نہ لیں۔
(d) پانی کا نل کھول دو۔

**سوال نمبر 17: کمرا جماعت میں داخل ہوتے وقت آپ اپنے دوست سے ٹکرا جاتے ہیں، اس صورت حال میں آپ کا ردعمل ہوگا:**

(a) دوست سے معذرت کریں گے۔
(b) دوست سے لڑائی کریں گے۔
(c) چپ کر کے نکل جائیں گے۔
(d) وہیں پہ رونا دھونا شروع کر دیں گے۔

**سوال نمبر 18: سکول میں بچے سے آپ پر غلطی سے پانی گرگیا۔ایسی صورت میں آپ اختیار کریں گے:**

(a) امانت داری
(b) کفایت شعاری
(c) رواداری
(d) دیانت داری

**سوال نمبر 19: سکول سے واپس آتے ہوئے آپ کو راستے میں کسی نے پیسوں کا لالچ دے**

**سوال نمبر 20: " برسات کے موسم میں سیلاب آتے ہیں۔ آپ کی مسجد میں اعلان ہوتا ہے کہ**

**کراپنے ساتھ جانے کو بولا۔آپ اس بارے میں بتائیں گے:**

(a) ہمسائیوں کو بتائیں گے۔

(b) اجنبی کو بتائیں گے۔

(c) والدین کو بتائیں گے۔

(d) کسی کو نہیں بتائیں گے۔

**آپ کے گاؤں کی طرف سیلاب آ رہا ہے۔" آپ اس صورت میں کریں گے:**

(a) ڈر کر رونا شروع کر دیں گے۔

(b) ڈر کر کمرے میں چھپ جائیں گے۔

(c) والدین کے ساتھ محفوظ مقام پر جائیں گے۔

(d) بچوں کے ساتھ سیلاب دیکھنے جائیں گے۔

پیرا گراف ہدایات *

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

**پاکستان ہمارا دل ہے لیکن پاکستان کا دل لاہور ہے۔لاہور صوبہ پنجاب کا دارالحکومت ہے، جو آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ لاہور کو کالجوں اور باغات کا شہر بھی کہا جاتا ہے۔ سمندر کسی بھی ملک کی تجارت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پاکستان کی سب سے بڑی بندرگاہ کراچی میں ہے۔ کراچی آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ کراچی صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے ۔ صوبہ سندھ آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا صوبہ ہے۔**

**سوال نمبر 21 : آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا پہلے نمبر پر صوبہ ہے:**

(a) سندھ (b) بلوچستان (c) پنجاب (d) خیبر پختونخواہ

**سوال نمبر 22 : باغات کا شہر کہلاتا ہے:**

(a) لاہور (b) کراچی (c) اسلام آباد (d) پشاور

**سوال نمبر 23 : تجارت سے مراد ہے:**

(a) گداگری (b) غلہ بانی (c) نوکری (d) کاروبار

**سوال نمبر 24 : بندرگاہ کا مطلب ہے:**

(a) ریتلا علاقہ (b) ساحلی علاقہ (c) میدانی علاقہ (d) پہاڑی علاقہ

**سوال نمبر 25 : پیرا گراف کا مناسب عنوان ہے:**

(a) پاکستان کے باغات (b) پاکستان کے تہوار (c) پاکستان کے صوبے (d) پاکستان کے موسم

---

## حصہ دوم:انشائیہ سوالات

**سوال نمبر 26: ایک استاد بن کر آپ اپنے ملک کی خدمت کیسے کریں گے؟ دس جملوں میں بیان کریں( 10 نمبر)**

**سوال نمبر 27: اپنے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/ پرنسپل کے نام بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے رخصت کی درخواست لکھیں۔ (10 نمبر)**

**سوال نمبر 28: دکھائی گئی تصویر کے متعلق دس جملے تحریر کیجئے ۔ (10 نمبر)**






سوال نمبر 29: عبارت کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔ (10 نمبر)

سوال نمبر 30: نثر پارہ غور سے سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات بتائیں۔(10 نمبر)

Copyright © 2024 pec.edu.pk All rights reserved.